X242/301

NATIONAL
QUALIFICATIONS
2008

TUESDAY, 20 MAY
1.00 PM – 2.40 PM

URDU
HIGHER
Reading and Directed Writing

45 marks are allocated to this paper. The value attached to each question is shown after each question.

You should spend approximately one hour on Section I and 40 minutes on Section II.

You may use an Urdu dictionary.

SQA ©

SECTION I—READING

Read carefully the following magazine article which is about a girl who has become a shopaholic, and then answer **in English** the questions which follow it.

۱۸ سالہ مریم کی خریداری کا پاگل پن

مرکزی بازار سے گزرتے ہوئے نوجوانوں کا یہ مشغلہ ہوتا ہے کہ وہ خوبصورت کپڑے پہن کر دیکھیں اور اگر کوئی چیز پسند آجائے تو خرید لیں لیکن مریم اِس سے بڑھ کر کرتی ہے۔ وہ جب کسی دُکان سے خریداری کرتی ہے تو اِس کے خیال میں دُکان والوں نے اِس کے لئے سُرخ قالین بچھائے ہوئے ہیں۔ اِس کی آنکھوں میں غیر معمولی چمک آجاتی ہے، خوشی سے اِس کے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ اِس کے پیٹ میں کچھ ہونے لگتا ہے پھر اِسکو خریداری کا دورہ سا پڑ جاتا ہے۔ وہ کہتی ہے کہ میرے دماغ میں ایک ننھی سی آواز آتی ہے ’ یہ خرید لو ‘ پھر وہ خرید لیتی ہے۔ مریم اِس لئے خریداری کرنا چاہتی ہے تاکہ نئے فیشن کے کپڑے پہن کر وہ سب سے الگ لگے، خوبصورت اور پُرکشش نظر آئے اور لوگ اسے بہت پسند کریں۔ خریداری کرتے وقت وہ اپنے آپ کو بہت اونچا سمجھتی ہے۔

جب وہ تیرہ سال کی تھی تو ہر چیز معمول کے مطابق تھی۔ مریم اپنی دوستوں کے ساتھ دُکانوں پر جاتی تھی جیسے دوسری لڑکیاں جاتی ہیں۔ وہ دوسروں سے بہت زیادہ چیزوں کے بھرے ہوئے تھیلے خرید کر گھر لے جاتی تھی وہ اپنے دوستوں کو غریب سمجھتی اور ان سے کہتی، ”میرے پاس زیادہ پیسے ہیں اس لئے میں خریداری بھی زیادہ کرتی ہوں“۔ اس کی ان باتوں کی وجہ سے آخرکار مریم کی دوستوں نے اس کو چھوڑ دیا اور وہ تنہا رہ گئی۔

مریم اپنے پندرہ سو روپے کے جیب خرچ سے اپنا خریداری کا پاگل پن پورا نہیں کر سکتی تھی اس لئے وہ دوسرے طریقوں سے پیسے لینے لگی اس کے دادا دادی بھی اسے پیسے دیتے تھے۔ اس کے علاوہ اس نے قرض لینا بھی شروع کر دیا جو وہ واپس نہیں کر سکتی تھی اس کے باوجود اس کے خرچ میں کوئی کمی نہیں آئی۔ عید اور سالگرہ پر وہ اپنے والدین سے زیادہ پیسے لیتی تھی۔ آخر میں مریم نے اپنے بینک سے پیسے نکلوانے شروع کر دیئے۔ سترہ سال کی عمر میں اس نے کام کرنا شروع کر دیا جہاں اس کی تنخواہ تقریباً تین ہزار روپے مہینہ تھی اب تو اس کے پاس اپنے پیسے بھی تھے جتنا چاہے خرچ کرے۔ پیسے جتنے زیادہ ہوں گے وہ خرچ بھی اتنا زیادہ کرے گی۔ اس کے والدین نے کبھی دخل نہیں دیا کیونکہ انکا خیال تھا کہ شاید اُسے اپنے کمائے ہوئے پیسوں کو صحیح طریقے سے خرچ کرنے کا سلیقہ آجائے گا۔

اور جب مریم کو انٹرنیٹ مل گیا بس پھر کیا تھا دیکھو، چُنو اور منگوا لو اور پیسے جب چاہو دو۔ بعض اوقات تو وہ یہ بھی نہیں جانتی تھی کہ وہ کتنا خرچ کر چکی ہے۔ جلد ہی پیسوں کی وجہ سے وہ پریشان رہنے لگی کیونکہ اس پر قرض کا بوجھ اتنا بڑھ گیا کہ اس کی راتوں کی

نیند حرام ہوگئی، اس کی بھوک ختم ہوگئی اور وہ ہر وقت سوچوں میں گم رہنے لگی۔ اس کے باوجود اس نے خریداری کرنا نہیں چھوڑا۔ پھر مریم نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنی خریداری کے پاگل پن سے چھٹکارہ حاصل کرلے۔ اس کے لئے اس نے بازار نہ جانے کا فیصلہ کیا اور اگر جانا پڑ جائے تو وہ اپنے ساتھ پیسے لے کر نہیں جائے گی۔ چیزوں کو دُکانوں کی کھڑکی میں سے دیکھ کر خوش ہو جایا کرے گی۔

جب وہ سوچ سمجھ کر خریداری کرتی۔ تو اُسکو بہت اچھا لگتا مگر اس کی یہ کیفیت زیادہ دیر تک قائم نہیں رہی بالکل اسی طرح جیسے کوئی نشے کا عادی شخص نشے کے بغیر زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتا۔ مریم کا بھی یہی حال تھا۔ بہت زیادہ خریداری کرنے کے بعد جب وہ تھک کر اپنے بستر پر جاتی تو سوچتی کہ ''مجھ میں تو کوئی فرق نہیں آیا'' نہ ہی وہ کسی کام پر توجہ دے سکتی تھی۔ یہ سوچتے ہوئے اس کی آنکھیں بھر آتیں اور وہ کانپتے ہوئے رونے لگتی۔ والدین کا خیال تھا کہ اُن کی بیٹی بیمار ہے۔

''میرے والدین مجھے ایک ڈاکٹر کے پاس لے گئے جو ایک بہت اچھا قدم تھا۔ ڈاکٹر نے مجھ سے خریداری کے مسئلے پر تفصیل سے باتیں کیں اور میں نے اس کے سامنے پہلی مرتبہ یہ قبول کیا کہ مجھ میں خریداری کا خبط ہے جس کی وجہ سے میں بہت ناخوش ہوں۔ ڈاکٹر نے مجھے ایک ماہرِ نفسیات کے پاس بھیجا جو میرے خریداری کے نشے کے متعلق جانتا تھا۔ میری اس کے ساتھ تین ملاقاتیں ہوئیں۔ اب میں یہ کہہ سکتی ہوں کہ کچھ کامیابی ہوئی ہے''۔ اب وہ اپنی سہیلیوں سے قرض نہیں لیتی اور تمام قرض جو پہلے لیا ہوا تھا وہ واپس کر چکی ہے۔ ابھی یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ دکان میں جائے اور کچھ نہ خریدے لیکن اب اسے یقین ہے کہ وہ جلد ہی اس غلط عادت سے چھٹکارہ پالے گی اور عام لوگوں کی طرح زندگی گزار سکے گی۔

QUESTIONS

Marks

1. What effect does shopping have on Mariam? Mention any **three** things. (lines 4–6) **3 points**

2. Why does Mariam feel a constant need to shop? Mention any **three** things. (lines 6–8) **3 points**

3. How did Mariam's addiction affect her relationship with her friends? (lines 10–12) **1 point**

4. Mariam's pocket money is not enough to pay for her addiction. How did she finance her shopping sprees before she got a job? Mention any **three** things. (lines 13–16) **3 points**

5. (*a*) What happened when she started to earn money for the first time? (lines 17–20) **1 point**

   (*b*) Why did her parents not interfere? (lines 17–20) **1 point**

6. (*a*) What encouraged Mariam's shopping mania? (lines 20–22) **1 point**

   (*b*) How did Mariam's money worries affect her? Mention any **three** things. (lines 20–22) **3 points**

7. (*a*) How did Mariam try to cure her addiction? (lines 23–25) **1 point**

   (*b*) What shows that it did not work? (lines 23–25) **1 point**

8. Why did Mariam's parents end up wondering if she might be ill? Mention any **two** things. (lines 28–29) **2 points**

(20 points)

= 20 marks

9. Translate the Urdu underlined sentences into English. (lines 30–35) **10**

(30)

[Turn over for SECTION II on *Page five*

SECTION II—DIRECTED WRITING

Marks

Recently, you visited a friend in an Urdu speaking country. You have to write a report **in Urdu** for the Languages Department in your school/college.

You must include the following information and **you should try to add** other relevant details:

- how you travelled and what you did during the journey
- how you got on with your friend's family and what you liked/disliked about them
- what you did in the evenings
- what the local area was like
- any special places you visited
- what you got out of the experience.

Your report should be 150–180 words in length.

Marks will be deducted for any area of information that is omitted. **(15)**

[*END OF QUESTION PAPER*]

[OPEN OUT

FOR OFFICIAL USE

Examiner's Marks	
A	
B	

Total Mark

X242/302

NATIONAL QUALIFICATIONS 2008

TUESDAY, 20 MAY
3.00 PM – 4.00 PM

URDU
HIGHER
Listening/Writing

Fill in these boxes and read what is printed below.

Full name of centre

Town

Forename(s)

Surname

Date of birth
Day Month Year

Scottish candidate number

Number of seat

Do not open this paper until told to do so.

Answer Section A **in English** and Section B **in Urdu**.

Section A

Listen carefully to the recording with a view to answering, **in English**, the questions printed in this answer book. Write your answers **clearly and legibly** in the spaces provided after each question.

You will have 2 minutes to study the questions before hearing the dialogue for the first time.

The dialogue will be played **twice**, with an interval of 2 minutes between the two playings.

You may make notes at any time but only in this answer book. **Draw your pen through any notes before you hand in the book.**

Move on to Section B when you have completed Section A: you will **not** be told when to do this.

Section B

Do not write your response in this book: **use the 4 page lined answer sheet**.

You will be told to insert the answer sheet inside this book before handing in your work.

You may consult an Urdu dictionary at any time during **both** sections.

Before leaving the examination room you must give this book to the invigilator. If you do not, you may lose all the marks for this paper.

LI X242/302 6/770

SQA ©

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

Marks

Section A

Tehseen talks about her life in Scotland and in Pakistan.

1. Tehseen is happy with the flat she has found. Why does she feel her friend is less fortunate? **1 point**

2. Tehseen mentions her family. What comments does she make about her family? **2 points**

3. What advantages are there in living away from home according to Tehseen? **3 points**

4. She talks about her parents. What did they insist on when she was at home? **2 points**

5. Tehseen admits there are some disadvantages to living in a flat. Which specific things annoy her about her two flatmates? **2 points**

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

Marks

6. Tehseen comments on differences in lifestyle between young people in Scotland and in Pakistan.

(*a*) What does she say is the main difference? **1 point**

(*b*) What do young people in Pakistan tend to do after leaving university? **1 point**

(*c*) Why do they do this? **2 points**

7. What does she miss about living at home? **4 points**

8. In Scotland, Tehseen has to do housework. What does she say happens as a result? **2 points**

(20 points)
= 20 marks

[Turn over for Section B on *Page four*

Marks

Section B

جس شخص کو آپ نہیں جانتے ہیں اُس کے ساتھ رہنا اتنا آسان نہیں ۔

آپ پڑھائی کے سلسلے میں ایک ایسے فلیٹ میں رہتے ہیں جہاں دو اور لڑکے رہتے ہیں یا دو لڑکیاں رہتی ہیں۔ اُن میں سے ایک بہت لاپرواہ ہے۔ جب باورچی خانہ کی صفائی کی اُس کی باری آتی ہے تو وہ کہیں چلا یا چلی جاتی ہے اور آخر کار صفائی آپ کو ہی کرنا پڑتی ہے۔ آپ اس مسئلے کو کس طرح حل کریں گے؟ اس کو 120 - 150 الفاظ میں اردو میں لکھیئے ۔ **10**

(30)

USE THE 4 PAGE LINED ANSWER SHEET FOR YOUR ANSWER TO SECTION B

[*END OF QUESTION PAPER*]

X242/303

NATIONAL
QUALIFICATIONS
2008

TUESDAY, 20 MAY
3.00 PM – 4.00 PM

URDU
HIGHER
Listening Transcript

This paper must not be seen by any candidate.

The material overleaf is provided for use in an emergency only (eg the recording or equipment proving faulty) or where permission has been given in advance by SQA for the material to be read to candidates with additional support needs. The material must be read exactly as printed.

SQA ©

Instructions to reader(s):

The dialogue below should be read in approximately 4½ minutes. On completion of the first reading, pause for two minutes, then read the dialogue a second time.

Where special arrangements have been agreed in advance to allow the reading of the material, those sections marked **(m)** should be read by a male speaker and those marked **(f)** by a female.

Candidates have two minutes to study the questions before the transcript is read.

Tehseen talks about her life in Scotland and in Pakistan.

(m) السّلام علیکم! تحسین آپ کو اسکاٹ لینڈ میں رہنا کیسا لگ رہا ہے؟

(f) وعلیکم السّلام! اچھا لگ رہا ہے، فی الحال تو میں شہر کے وسط میں ایک فلیٹ میں رہ رہی ہوں۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ اس فلیٹ میں میرے علاوہ صرف دو لڑکیاں اور ہیں۔ ایک تو اسکاٹش ہے اور دوسری ایشیائی ہے لیکن میری دوست کی بدقسمتی یہ ہے کہ جس گھر میں وہ رہتی ہے وہاں پانچ اور لڑکیاں بھی رہتی ہیں۔

(m) آپ پاکستان میں کس کے ساتھ رہتی تھیں؟

(f) میں پاکستان میں اپنے والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ رہتی تھی میرے گھر میں کافی لوگ ہیں اب یہاں صرف دو لڑکیوں کے ساتھ رہنا بہت عجیب سا لگ رہا ہے اپنے گھر میں کام کی کوئی ذمہ داری نہ تھی۔ ہم تین بہنیں ایک کمرے میں رہتی تھیں دونوں بھائیوں کے پاس صرف ایک کمرہ تھا اور والدین کا اپنا کمرہ تھا۔

(m) تو کیا، یہاں رہنے کے کچھ فائدے بھی ہیں؟

(f) یقیناً! کچھ تو فائدے ہیں مثلاً یہاں میں اپنی مرضی سے جب چاہوں اور جس وقت چاہوں گھر واپس آتی ہوں یہاں مجھ پر وقت کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ یہاں میرا الگ کمرہ ہے جس کے ساتھ ہی غسل خانہ ہے حالانکہ بہت چھوٹا ہے لیکن میرا اپنا ہے۔

(m) اور! کیا آپ کے تعلّقات اپنے گھر والوں سے بہت اچھے تھے؟

(f) جی ہاں! بہت اچھے! گھر میں میرے والدین اپنے سب بچوں کو رات کے کھانے پر ایک ساتھ دیکھنا چاہتے تھے اور اگر میں شام کے وقت ذرا دیر سے باہر جاؤں تو وہ پریشان ہو جاتے تھے۔

(m) والدین جو ہوئے .....

ہاں تو نئے لوگوں کے ساتھ رہنا اتنا آسان تو نہیں ہوتا!

(f) آپ ٹھیک کہتے ہیں ، مجھے غصّہ آتا ہے جب ایک لڑکی برتن دھونا اور دوسری باہر کے دروازے کا تالا لگانا بھول جاتی ہے۔

(m) آپ کے خیال میں کیا اسکاٹ لینڈ کے نوجوانوں کی زندگی پاکستان کے نوجوانوں سے مختلف ہے؟

(f) میرے خیال میں بنیادی فرق یہ ہے کہ اسکاٹ لینڈ میں زیادہ تر نوجوان اسکول چھوڑتے ہی اپنے والدین کا گھر بھی چھوڑ دیتے ہیں اور کسی فلیٹ میں اپنے دوستوں کے ساتھ رہنے لگتے ہیں پاکستان میں یہ بہت کم ہوتا ہے۔ بہت سے نوجوان جو یونیورسٹی کی پڑھائی کی وجہ سے دوسرے شہر جاتے بھی ہیں تو عام طور پر پڑھائی ختم ہوتے ہی اپنے والدین کے پاس واپس آجاتے ہیں اور ان کے ساتھ رہ کر ان کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں۔

(m) کیا آپ کو اپنا گھر یاد آتا ہے؟

(f) جی بہت! حالانکہ مجھے یہاں پوری آزادی ہے لیکن اس کے باوجود کچھ باتیں مجھے بہت یاد آتی ہیں۔ مثلاً جب بھی میں واپس گھر آتی تو مجھے گرم گرم مزیدار کھانا تیار ملتا تھا میرے کپڑے دھلے ہوئے اور استری کیئے ہوئے ملتے تھے۔
آپ کو ایک بات اور بھی بتاؤں ہفتہ اور اتوار کو میں صبح دیر تک سو سکتی تھی کیونکہ وہاں مجھے کوئی فکر نہیں تھی۔
یہاں اسکاٹ لینڈ میں سارے گھر کا کام مجھ کو کرنا پڑتا ہے لہٰذا میں کبھی کبھی پریشان ہو جاتی ہوں۔

[*END OF TRANSCRIPT*]